بیادگارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
بدھوار ۸ اپریل ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۹ شوال المکرم ۱۴۴۷ھ

## (اقوال ذریں)

اپنی کامیابی خود تخلیق کرو، ورنہ لوگ تمہیں اپنے راستوں کا حصہ بنا دیں گے۔ جارج برنارڈ شا

## ٹرمپ کی دھمکیوں نے عالمی امن کو خطرے میں ڈال دیا

عالمی سیاست اور امن وامان کے لئے موجودہ صورتِ حال نہ صرف مشرقِ وسطیٰ بلکہ دنیا بھر کی سلامتی اور استحکام کے لئے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف سول انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی دھمکی نے پوری دنیا میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔

ٹرمپ نے کھلے طور پر کہا ہے کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے اپنے مطالبے پر عمل نہ کیا تو امریکہ پلوں، پاور پلانٹس اور دیگر بنیادی شہری ڈھانچے پر حملے کر سکتا ہے، جس سے نہ صرف ایران بلکہ پوری عالمی معیشت اور انسانیت متاثر ہوگی۔

یہ اقدام مبینہ طور پر عالمی قوانین اور ہتھیاروں کے استعمال کے بین الاقوامی اصولوں کے خلاف سمجھا جا رہا ہے، کیونکہ شہری انفراسٹرکچر پر حملے عام شہریوں کو براہِ راست نقصان پہنچانے کا سبب بنتے ہیں جن کا جنگ یا عسکری کارروائیوں سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے بھی اس پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور امن کے لیے اپیل کی ہے کہ تمام فریقین بین الاقوامی قوانین کا احترام کریں۔

اگرچہ بعض طاقتیں اپنے دفاع یا سٹریٹجک مفادات کا جواز پیش کرتی ہیں، کئی عالمی رہنماؤں، حقوقِ انسانی کے اداروں، اور سفارتی حلقوں نے ٹرمپ کی دھمکیوں کو جنگی جرائم کے زمرے میں رکھا ہے، جس سے بین الاقوامی برادری میں نہ صرف امریکہ کی ساکھ متاثر ہو رہی ہے بلکہ عالمی امن کے لیے خطرات بڑھ رہے ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ میں جاری تنازع پہلے ہی متعدد ممالک کے درمیان کشیدگی کو بڑھا چکا ہے، جس نے عالمی توانائی کی قیمتوں، تجارت، اور معاشی استحکام پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ آبنائے ہرمز جیسی اہم عالمی تجارتی راہداری کے حوالے سے عدم استحکام سے پوری دنیا توانائی کی قیمتوں اور سپلائی چین کی پیچیدگیوں سے دوچار ہو سکتی ہے، جس کے اثرات دور رس ہوں گے۔

اس صورتحال میں، صرف خطے کی نہیں بلکہ پوری دنیا کی سلامتی اور امن کے لئے عالمی رہنماؤں کا متحدہ اور سنجیدہ ردِعمل ضروری ہے۔ امن مذاکرات، جنگ بندی، اور سفارتی حل کے لئے ہر ممکن کوششیں کی جائیں تا کہ ایک بڑی انسانی تباہی، معاشی بحران اور عالمی عدم استحکام سے بچا جا سکے۔ جنگ اور تشدد کا حل کبھی بھی دیرپا امن نہیں لا سکتا، بلکہ یہ نسل در نسل مشکلات اور نقصان کو جنم دیتا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ عالمی برادری کو امن اور مذاکرات کی طرف فوری توجہ مرکوز کرنی چاہیے، جنگ کی زبان کی بجائے امن کے راستے تلاش کیے جائیں تا کہ مستقبل میں نہ صرف مشرقِ وسطیٰ بلکہ پوری دنیا میں امن اور خوشحالی کو فروغ دیا جا سکے۔

# ذات برادری کا تعصب

## تقسیم انسان کا انسانیت سوز نظام



محمد حسن مرزاپور سیتا، مڑھی

میری مختصری زندگی کا اکثر حصہ ممبئی اور گجرات جیسے شہروں میں گذری ہے ہمارے والدین ہمارے تعلیم کے پیش نظر کافی دن گجرات میں ہی مقیم رہے ابتدائی تعلیم پہلے گجرات اور پھر ممبئی کے بعد جامعہ عربیہ باندہ کا رُخ کیا اس طویل عرصے میں ہزاروں لوگوں سے ملاقاتیں ہوئی لیکن کبھی کسی شخص نے ذات برادری سے متعلق کسی طرح کا کوئی سوال مجھ سے نہیں کیا نہ کسی کے رویے سے ذات پات کی بو محسوس ہوئی سو ہم اس شہری زندگی میں ذات پات کی اس سنگین بیماری سے بے خبر رہے اور انسان کو نیک اور بد عمل سے جانتے پہچانتے رہے لیکن لاک ڈاؤن کے بعد جب سب اپنے اپنے آبائی وطن کے طرف روانہ ہوئے تو ہمیں بھی برسوں بعد ایک طویل وقفے کیلئے اپنے علاقے کی فضا میں رہنے سمجھ نے اور کچھ سیکھنے کا موقع میسر ہوا اس عرصے میں جہاں کچھ سرکاری امتحانات دیئے وہیں کچھ جگہوں پر درس وتدریس کا بھی صرف حاصل ہوا

گاؤں کے پر سکون اور خوشگوار ماحول میں جب ذات برادری اور حسب نسب جو کہ تقسیم انسانیت کا انسانیت سوز نظام ہے میرے سامنے ظاہر ہوا تو احساس ہوا کہ آج ہمارا معاشرہ کس دہانے پر کھڑا ہے چنانچہ جب بھی کسی انجان جگہ یا انجان شخص سے ملاقات ہوئی تو اکثر و بیشتر لوگ نام کے فوراً بعد برادری کا ذکر لایا کرتے تھے جب شروعاتی دنوں میں شہر سے گاؤں کے طرف منتقل ہوا تھا تو مجھے ذات برادری کا اتنا علم بھی نہ تھا اسلئے ک ، بار اس طرح کے سوالات سے ہچکچاہٹ محسوس ہوتی تھی جب میں نے اس موضوع پر کچھ مطالعہ کیا تو پتا چلا کہ اکثر و بیشتر کتابیں اور مصنفین ذات برادری کے نظریے کو زبانی طور پہ نہ سہی عملاً ہر شخص اسکو مانتے اور بہت اہمیت بھی دیتے ہیں انکا تذکرہ یہاں تو ممکن نہیں لیکن عالم اسلام کا ایک معتبر ادارہ دارالعلوم دیوبند ذات برادری کے ایک سوال کے جواب میں جو لکھتا ہے مکمل سوال جواب یہاں کاپی پیسٹ کر رہا ہوں سماعت کریں

(سوال : مسلمانوں کے درمیان موجود ذات برادری کے سسٹم کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ اس کے بارے میں قرآن اور حدیث میں کیا کہا گیا ہے؟ کیا اس پر عمل کرنا درست ہے؟ ان لوگوں کے بارے میں کیا فتوی ہے جو کہ ذات برادری کے سسٹم پر بہت سختی سے عمل پیرا ہیں؟ جواب نمبر 7191 :

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فتوی /1046/930 :ل

جہاں تک افضلیت وبڑائی کا تعلق ہے تو حسب ونسب سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، قرآن شریف میں ہے :اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو، اور حدیث شریف میں ہے :جس شخص کو اس کے عمل نے پیچھے کر دیا ہو تو اس کا نسب اس کو آگے نہیں بڑھا سکتا۔ البتہ نکاح میں ایک خاص مقصد کے لیے اس کی رعایت کی جاتی ہے تا کہ زوجین میں ہم آہنگی ہو اور تعلق زن وشوئی مدت مدیدہ تک باقی رہ سکے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند)

آپ نے دارالعلوم دیوبند کا فتویٰ سماعت کیا دارالعلوم جہاں ذات برادری کو قرآنی حوالہ دیتے ہوئے یکدم سے مسترد کر رہا ہے وہیں البتہ نکاح میں ایک خاص مقصد کے لیے اس کی رعایت کی جاتی ہے تا کہ زوجین میں ہم آہنگی ہو اور تعلق زن وشوئی مدت مدیدہ تک باقی رہ سکے۔ جیسے جادوئی الفاظ سے اسکی بھرپور تائید بھی کر رہا ہے

کیا ذات برادری کے حامی حضرات اسکی ضمانت دے سکتے ہیں کہ جو شادی ذات برادری میں ہو وہ مدت مدیدہ تاک باقی ہی رہیگی اور جو ذات برادری میں نہ ہو وہ باقی نہیں رہ سکتا ہندوستان میں 99% ننانوے فیصد شادیاں ذات برادری میں ہی ہوا کرتی ہے تو کیا تمام تر شادیاں مدت مدیدہ تک باقی ہی رہتی ہے اگرچہ سرکاری رپورٹ کے مطابق ہندوستان میں طلاق کی شرح کافی کم ہے لیکن اسکے مقابل جن مسلم ممالک میں ذات برادری خاندان سے باہر شادی کا کوئی تصور ہی نہیں وہاں طلاق کی شرح ہم سے بھی زائد ہے


جہاں تک بات کفائت کے مسائل کا ہے تو بلا وجہ اسے طول دیا جاتا ہے ( کفو ) کے معنی، ایک جیسا، ہمسر، ہم پلہ، برابری، کا ہے تو کیا کوئی دوسرے ذات میں اس برابری کا خاندان نہیں ہوسکتا مثلاً کسی چھوٹی ذاتی کا خاندان شریف با اثر با کردار باعزت نہیں ہوسکتا بالکل ہوسکتا ہے لیکن صرف ذات الگ ہونے پر اونچ نیچ تسلیم کر لیا جا ئیگا اور کسی بڑے ذاتی کو بھلے وہ کسی شرائط میں پورا نہ اترے اسے اونچا اور عزت دار سمجھ لیا جائیگا مسئلہ کفو میں ہمارا المیہ یہی رہ گیا ہے جو کہ قرآن مجید کے سورہ حجرات کی آیت نمبر 13 کے سراسر منافی ہے جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے ( لوگو ! ہم نے تم سب کو ایک (ہی) مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور اس لئے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو کنبے قبیلے بنا دیئے ہیں، اللہ کے نزدیک تم سب میں سے باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے یقین مانو کہ اللہ دانا اور باخبر ہے )۔ (سورۃ الحجرات 13 :

کفو کے متعلق ایک سوال کے جواب میں کے جواب کا مفہوم پیش کر رہا ہوں سماعت کیجئے اور سوچیے کے اسطرح کے بیان سے کیا رجحان پیدا ہو سکتے ہیں طوالت سے بچتے ہوئے صرف یہاں مفہوم پیش کر رہا ہوں (عورت اولیاء کی اجازت ورضامندی کے بغیر غیر ( کفو ) میں نکاح کرلے تو اولاد پیدا ہونے سے پہلے تک اولیاء کو یہ نکاح فسخ کرانے کا حق ہوتا ہے ) فتوی نمبر 144010200270 مطلب کسی مسلم عورت نے کسی مسلمان مرد سے اپنی مرضی سے شادی کر لی تو اگر وہ صاحب اولاد نہیں ہے تو اسکا نکاح توڑنے کا حکم ہے کیا صرف ذات برادری کے وجہ سے نکاح توڑا جا سکتا ہے؟ بدقسمتی سے علماء کا ایک بڑا طبقہ خود بھی اس غیر منصفانہ تفریق میں مبتلا ہے چنانچہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا کفو کے متعلق ایک سوال کے جواب کا مفہوم پیش کر رہا ہوں جو مفتی فیاض صاحب سمتی پوری نے ماہنامہ دارالعلوم ،شمارہ 10 ،جلد 100 : میں لکھا ہے

سوال : کیا شیخ، سید، مغل، پٹھان، جولاہا، تیلی، گوجر، جاٹ وغیرہ میں معاملہ میں اگرچہ کچھ تفریق معتبر نہیں، مگر امور دینی میں مثلاً نکاح وغیرہ میں یہ سب ایک سمجھے جائیں گے یا کچھ تفاخر کو اس میں دخل ہے؟۔ شیخ، سید میں نسباً کفائت ملحوظ ہوگی اور یہ لوگ اپنے علاوہ دیگر چھوٹی اقوام میں نکاح کرنے کو عار سمجھیں تو یہ شرعاً جائز ہے؛ اب کوئی بتائے کہ جب قرآن نے سب کو برابری کا درجہ دے دیا تو پھر صرف ذات کے وجہ سے کسی کو چھوٹا یا بڑا سمجھنے کا حکم انسان کو کس نے دیدیا (عار) مان نے کا کیا مطلب ہوتا ہے، گھٹیا، کمتر، بدنامی یہی نا تو کیا ایک مسلمان کو کمتر سمجھنا جائز ہے نہیں نہ تو پھر اسطرح کے القاب کیوں

صرف شادی بیاہ ہی نہیں سماجی زندگی میں بھی ذات برادری کا تعصب جوڑو پر ہے ہم نے بارہا اس قسم کے واقعات کا مشاہدہ کیا ہے کہ فرد واحد کی غلطی کو سہارا بنا کر پورے سماج کو اس قسم کے طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا گیا کہ الامان والحفیظ اگر مضمون کے طوالت کا اندیشہ نہ ہوتا تو ضرور کچھ اور مشاہدات پیش کرتا۔ واضح کرتا چلوں کے جن فتوی کا اوپر ہم نے تذکرہ کیا یا اسکا مفہوم بیان کیا ہے اسکا حوالہ ہم نے وہاں پیش کر دیا ہے جن حضرات کو تردد ہو وہ اسے چیک کر سکتے ہیں

# اسلام میں خدمتِ خلق کا تصور



تحریر: اظہر نصیر

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ صرف عبادات تک محدود نہیں بلکہ انسان کے ہر عمل کو رہنمائی دیتا ہے۔ اسلام کا ایک بنیادی اصول خدمتِ خلق ہے۔ اس کا مطلب ہے اللہ کی مخلوق کے ساتھ بھلائی کرنا، ان کے دکھ درد کو سمجھنا، اور اپنی استطاعت کے مطابق ان کی مدد کرنا۔ یہی وہ جذبہ ہے جو ایک معاشرے کو مضبوط اور باوقار بناتا ہے۔ قرآن مجید میں بار بار اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ انسان دوسروں کے ساتھ حسنِ سلوک اختیار کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور والدین، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، پڑوسیوں اور مسافروں کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اس آیت میں واضح پیغام ہے کہ عبادت کے ساتھ ساتھ بندوں کے حقوق بھی ادا کرنا ضروری ہے۔

اسلام میں خدمتِ خلق کو عبادت کا درجہ دیا گیا ہے۔ اگر نیت خالص ہو تو ایک معمولی عمل بھی بہت بڑی نیکی بن جاتا ہے۔ ایک بھوکے کو کھانا کھلانا، ایک پیاسے کو پانی دینا، ایک پریشان شخص کی مدد کرنا، یہ سب ایسے اعمال ہیں جو اللہ کے نزدیک بہت پسندیدہ ہیں۔ قرآن مجید میں ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص ایک جان کو بچاتا ہے گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی جان کی قدر کتنی اہم ہے۔ خدمتِ خلق صرف مالی مدد تک محدود نہیں بلکہ ہر وہ عمل جس سے کسی کو فائدہ پہنچے، وہ اس میں شامل ہے۔

احادیث مبارکہ میں بھی خدمتِ خلق کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے بہترین انسان وہ ہے جو لوگوں کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند ہو۔ اس حدیث میں معیار واضح کر دیا گیا ہے کہ انسان کی عظمت اس کے علم، مال یا طاقت سے نہیں بلکہ اس کی خدمت سے پہچانی جاتی ہے۔ ایک اور حدیث میں آتا ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرتا ہے، اللہ اس کی حاجت پوری کرتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسروں کی مدد کرنا دراصل اپنے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ جو شخص لوگوں کے کام آتا ہے، اللہ اس کے کام آسان کر دیتا ہے۔

اسلام نے معاشرے کے کمزور طبقے پر خاص توجہ دی ہے۔ یتیم، مسکین، بیوہ، اور مسافر ایسے لوگ ہیں جو ہماری توجہ کے مستحق ہیں۔ قرآن مجید میں یتیم کے مال کو کھانے سے سختی سے منع کیا گیا ہے اور ان کے ساتھ نرمی اور شفقت کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسلام ایک ہمدرد اور انصاف پسند معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی خدمتِ خلق کا بہترین نمونہ ہے۔ آپ نے ہمیشہ لوگوں کی مدد کی، چاہے وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم۔ آپ بیماروں کی عیادت کرتے، محتاجوں کی مدد کرتے، اور کمزوروں کا سہارا بنتے۔ آپ نے فرمایا کہ رحم کرنے والوں پر اللہ رحم کرتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

خدمتِ خلق کا ایک اہم پہلو اخلاق ہے۔ نرم گفتاری، مسکراہٹ، اور اچھا برتاؤ بھی خدمت میں شامل ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ تمہارا اپنے بھائی کے سامنے مسکرانا بھی صدقہ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدمت صرف بڑے کاموں کا نام نہیں بلکہ چھوٹے چھوٹے اعمال بھی اس میں شامل ہیں۔

اسلام میں زکوٰۃ اور صدقہ کا نظام بھی خدمتِ خلق کا حصہ ہے۔ زکوٰۃ فرض ہے اور اس کے ذریعے معاشرے کے غریب افراد کی مدد کی جاتی ہے۔ صدقہ نفلی ہے اور اس کے ذریعے انسان اپنی خوشی سے دوسروں کی مدد کرتا ہے۔ یہ نظام دولت کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بناتا ہے اور معاشرے میں محبت اور بھائی چارہ پیدا کرتا ہے۔ خدمتِ خلق صرف مالی امداد تک محدود نہیں۔ علم سکھانا بھی ایک بڑی خدمت ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کو تعلیم دیتا ہے تو وہ اس کی زندگی بدل سکتا ہے۔ اسی طرح کسی کو صحیح راستہ دکھانا، اس کی رہنمائی کرنا، اور اسے برائی سے بچانا بھی خدمتِ خلق ہے۔

آج کے دور میں خدمتِ خلق کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ غربت، بے روزگاری، اور سماجی مسائل نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق دوسروں کی مدد کرے۔ اگر ہر شخص اپنے اردگرد کے لوگوں کا خیال رکھے تو معاشرہ بہتر ہو سکتا ہے۔ خدمتِ خلق کے لیے نیت کا خالص ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی شخص دکھاوے کے لیے یا شہرت کے لیے خدمت کرتا ہے تو اس کا اجر کم ہو جاتا ہے۔ اسلام سکھاتا ہے کہ ہر عمل صرف اللہ کی رضا کے لیے ہونا چاہیے۔ یہی نیت عمل کو عبادت بناتی ہے۔

اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق پر بھی زور دیا گیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہ ہو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اچھا مسلمان وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے لیے باعثِ سکون ہو۔ خدمتِ خلق کا ایک پہلو ماحول کی حفاظت بھی ہے۔ درخت لگانا، پانی ضائع نہ کرنا، اور زمین کو صاف رکھنا بھی نیکی ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اگر قیامت قائم ہو رہی ہو اور تمہارے ہاتھ میں ایک پودا ہو تو اسے لگا دو۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسلام ہر حالت میں بھلائی کا درس دیتا ہے۔

خدمتِ خلق انسان کے دل کو نرم بناتی ہے۔ یہ غرور کو ختم کرتی ہے اور عاجزی پیدا کرتی ہے۔ جو شخص دوسروں کے دکھ درد کو محسوس کرتا ہے وہ ایک بہتر انسان بنتا ہے۔ ایسے لوگ معاشرے میں امن اور محبت کو فروغ دیتے ہیں۔

اگر ہم اپنی زندگیوں میں خدمتِ خلق کو شامل کریں تو بہت سی برائیاں خود ختم ہو سکتی ہیں۔ حسد، نفرت، اور خود غرضی جیسے رویے ختم ہو جاتے ہیں۔ ان کی جگہ محبت، ہمدردی، اور بھائی چارہ آ جاتا ہے۔

اسلام ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ ہم صرف اپنے لیے نہ جئیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی جئیں۔ ایک حقیقی مسلمان وہ ہے جو دوسروں کے لیے آسانی پیدا کرے۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں اللہ کی رضا تک لے جاتا ہے۔ آج ہمیں ضرورت ہے کہ ہم قرآن اور سنت کی تعلیمات کو اپنی زندگی میں نافذ کریں۔ خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنائیں۔ اپنے اردگرد کے لوگوں کا خیال رکھیں۔ چھوٹے چھوٹے اعمال سے آغاز کریں۔ ایک مسکراہٹ، ایک مدد، ایک اچھا لفظ، یہ سب بہت اہم ہیں۔

جب ایک فرد بدلتا ہے تو خاندان بدلتا ہے۔ جب خاندان بدلتا ہے تو معاشرہ بدلتا ہے۔ اور جب معاشرہ بدلتا ہے تو ایک مضبوط قوم وجود میں آتی ہے۔ اسلام میں خدمتِ خلق صرف ایک عمل نہیں بلکہ ایک طرزِ زندگی ہے۔ یہ انسان کو انسان سے جوڑتی ہے اور اللہ سے قریب کرتی ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جو ہمیں ایک بہتر انسان اور ایک بہتر معاشرہ بنانے کی طرف لے جاتا ہے۔

